برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر مسٹر فرانس کیمبیل کا متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا دورہ

رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات، ایم کیو ایم کے شعبہ جات کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

کراچی میں متعین برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر مسٹر فرانس کیمبیل نے جمعرات کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ المعروف نائن زیرو عزیز آباد کا تفصیلی دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر انیس احمد قائم خانی اور اراکین رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل، سید شعیب احمد بخاری، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، مصطفی کمال، اشفاق منگی، گلفر از خان خٹک، سلیم تاجک، واسع جلیل، سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وسابق سفیر عمر خان علی شیرزئی سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مسٹر فرانس کیمبیل سے گفتگو میں انہیں ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد، سیاسی تاریخ اور 92ء میں ایم کیو ایم کے خلاف کیے جانیوالے آپریشن کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ بعدازاں معزز مہمان نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ یادگار شہداء حق پر حاضری دی، یادگار پر پھول چڑھائے اور کتاب میں تاثرات درج کیے۔ انہوں نے خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں قائم ایم کیو ایم کے شعبہ جات کا بھی تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیو ایم کے تنظیمی کاموں کا بغور جائزہ لیا اور ایم کیو ایم کے منظّم نیٹ ورک سے انتہائی متاثر ہوتے ہوئے اس کی تعریف کی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مسٹر فرانس کیمبیل کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زندگی پر مبنی کتاب ''پیکٹوریل بائیوگرافی الطاف حسین'' کا تحفہ بھی پیش کیا۔ قبل ازیں معزز مہمان نائن زیرو پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، منتخب حق پرست عوامی نمائندوں اور دیگر ذمہ داران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور نائن زیرو پر ان کی آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ پیش کیا۔

☆☆☆☆☆